**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.07.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | گورنر اور وزیر اعلیٰ کی نور محمد دمڑ کے عشائیے میں شرکت | جنگ و دیگر اخبارات |
| 02 | جمہوری اداروں کو مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے، سرفراز بگٹی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 03 | ترقیاتی منصوبوں کے بروقت سے تکمیل سے عوام مستفید ہونگے، علی مدد جتک | جنگ و دیگر اخبارات |
| 04 | بجٹ عوام دوست اور متوازن ہر طبقے کی ضروریات کا خیال رکھا، شعیب نوشیروانی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 05 | صوبائی دار لحکومت نظر انداز کئے گئے علاقوں کی ترقی کی خواہاں ہے، ظہور بلیدی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان جون میں بارشوں سے 8 افراد جاں بحق اور 25 زخمی ہوئے، پی ڈی ایم اے | آزادی و دیگر اخبارات |
| 07 | وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر دانہ سر کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ کا ملبہ ہٹا دیا، آمد ورفت بحال | آزادی و دیگر اخبارات |
| 08 | کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں قبضہ مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن کا فیصلہ | باخبر و دیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کے 16 اضلاع میں 7 روزہ خصوصی پولیو مہم آج سے شروع ہوگی | جنگ و دیگر اخبارات |
| 10 | بی ایم سی ہسپتال کے مسائل جلد حل کرینگے، سیکرٹری صحت | جنگ و دیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان میں قیمتی کھال کیلئے بھیڑیئے مارے جانے لگے | جنگ و دیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کے قدرتی وسائل کے معاشی فوائد کی مقامی افراد کو منتقلی کا سلسلہ جاری | مشرق و دیگر اخبارات |
| 13 | قومی اقتصادی کونسل نے بلوچستان کیلئے 11 ارب روپے مختص کر دیئے | مشرق و دیگر اخبارات |
| 14 | کولواہ میں ندی نالوں میں طغیانی دو افراد گاڑی سمیت بہہ گئے | مشرق و دیگر اخبارات |
| 15 | غیر قانونی ٹیوب ویلز کیخلاف جلد کریک ڈاؤن کا آغاز کیا جائے گا، کمشنر کوئٹہ | جنگ و دیگر اخبارات |
| 16 | حکومت بے اختیار اسمبلی کی صورتحال قابل رحم ہے، ڈاکٹر عبد المالک | جنگ و دیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، منظور احمد کاکڑ | انتخاب و دیگر اخبارات |

## امن و امان:

موسی کالونی میں دو بچیوں سے زیادتی کی کوشش ناکام، جناح روڈ لین دین کے تنازع پر فائرنگ سے راہگیر زخمی، مچھ کوئٹہ آنے والی گیس پائپ لائن پھٹ گئی تخریب کاری کا خدشہ، پولیس اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ، ایک ڈاکو ہلاک، گاڑی کے خفیہ خانوں سے منشیات برآمد اسمگلر گرفتار

## عوامی مسائل:

خواتین سول ہسپتال کوئٹہ میں الٹراساؤنڈ مرد ڈاکٹر سے کروانے پر مجبور، کوئٹہ شہر اور نواحی علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بڑھ گیا دوکانداروں اور گھریلو صارفین کو مشکلات، کوئٹہ شہر کا کوئی والی وارث نہیں، پسنی شہر کھنڈرات میں تبدیل عوام بنیادی سہولیات سے یکسر محروم

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.07.2024

**اداریہ :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**نوجوان حقوق اور نعروں کے نام پر بیٹھے لوگوں کی سازشوں میں نہ آئیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے اڈے بنانے کا منصوبہ ناکام بنا دیا ہے گزشتہ دنوں دہشتگردی کے خلاف بڑی کامیابی ہوئی ہے سیکورٹی اداروں نے ٹی ٹی پی دفاعی شوری کے سربراہ کمانڈر نصراللہ عرف مولوی منصور کو مشکل اور پیچیدہ آپریشن میں گرفتار کرلیا اس موقع پر ڈی آئی ڈی جی سی ٹی ڈی اعتراز گورایا ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ میں اپنے انٹیلی جنس فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ ملک کے دشمنوں کے خلاف پیش کیا ہے ہمیں کسی شک میں نہیں رہنا چاہئے ان تمام دہشتگردی کا تعلق براہ راست انٹرنیشنل دہشتگردی وانڈیا سے ہیں بلکہ تمام دنیا انڈیا سے محفوظ نہیں ہے انڈیا پیسے کے عیوض افغانستان کی سرزمین استعمال کررہا ہے جو لوگ بلوچستان کے حقوق کے نام پر جو عزائم بنا رہے ہیں عوام انہیں پہچان لیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کا ملاپ صرف ان کے انویسٹرانڈ کی وجہ سے ہے جو لوگ ان کے ہاتھوں استعمال ہو رہے ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **بلوچستان میں سیاسی ومعاشی استحکام کیلئے حکومتی مدت کی تکمیل ناگزیر ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " 3 millino out of school children" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " BHC verdict on PB-21 Hub" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **جام غلام قادر گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال حب میں مسائل سے دوچار** " کے عنوان سے ماجد علی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 — پیر 24 ذی الحج 1445ھ یکم جولائی 2024ء — نمبر 179

قیمت 30 روپے


## پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے، وزیراعلیٰ بگٹی

### جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے، عالمی یوم پارلیمان پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس/ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے جس کے تمام حلقوں سے موثر عوامی نمائندگی پارلیمان کو مضبوط کرتی ہے۔

### گورنر اور وزیراعلیٰ کی نور محمد دمڑ کے عشائیے میں شرکت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ شب صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں شرکت کی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، سپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، ڈپٹی سپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان غزالہ گولا، صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی سمیت دیگر اعلیٰ سول حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء ایڈووکیٹ افراساب خلجی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، اسپیکر عبدالخالق اچکزئی، وزراء اور ارکان اسمبلی صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں شریک ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید ممتاز احمد

جلد 53 | پیر 24 ذوالحجہ 1445ھ یکم جولائی 2024ء صفحات 08 | شمارہ 03

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2006@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

Bullet No. 1

Page No. 2

# وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر لینڈ سلائیڈنگ سے بند دھانہ سر روڈ ٹریفک کیلئے فوری بحال

رات گئے بلاک ہونے والی شاہراہ کی بحالی میں این ایچ اے کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ، لیویز و پولیس کے جوانوں نے مسلسل محنت کی ترجمان حکومت بلوچستان

بند شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں ' ڈی سی ثناء ماہ جبین عمرانی کی نگرانی میں بحالی کا کام مکمل' مسافروں کو کھانا بھی فراہم

اب تک شدید بارشوں سے 2 بچوں سمیت 7 افراد جاں بحق 25 زخمی ہیں' محکمہ موسمیات نے بلوچستان میں مزید بارشوں کی پیشنگوئی کی ہے

کوئٹہ (خ ن + نیوز ایجنسیاں) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر دھانہ سر کے مقام پر بھاری مشینری کے ذریعے پتھر ہٹا کر شاہراہ بحال کردی گئی، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق شاہراہ گزشتہ شب لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بلاک ہوگئی تھی، رات گئے بلاک ہونے والی شاہراہ کی بحالی میں این ایچ اے کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ، لیویز اور پولیس کے جوانوں نے مسلسل محنت کی ترجمان کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب.........

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سے این ایچ اے ٹیم، ضلعی انتظامیہ، لیویز اور پولیس کے جوانوں کو شاباش دی گئی ہے، ڈپٹی کمشنر ثناء ماہ جبین کے مطابق شاہراہ کی بندش کے دوران ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مسافروں کو پانی اور کھانے پینے کی اشیا فراہم کی گئیں دریں اثناء شیرانی سے این این آئی کے مطابق گزشتہ شب لینڈ سلائیڈنگ کے باعث N.50 روڈ بمقام دھانہ سر ٹریفک کیلئے بند ہوگئی تھی ڈپٹی کمشنر ثناء ماہ جبین عمرانی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور این ایچ اے نے رات کو ہی روڈ کھولنے کیلئے کام شروع کردیا تھا ڈپٹی کمشنر نے خود نگرانی کی قومی شاہراہ کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ڈپٹی کمشنر ثناء ماہ جبین کی جانب سے مسافروں کے لئے کھانے پینے کا انتظام بھی کیا گیا مسافروں میں خواتین و بچوں کی بھی بڑی تعداد شامل تھی دریں اثناء یو این اے کے مطابق بلوچستان میں جاری شدید بارشوں کے نتیجے میں 2 بچوں سمیت 7 افراد جاں بحق ہوگئے، جبکہ 25 افراد زخمی بھی ہیں مشرقی بلوچستان کے کوہ سلیمان رینج میں موسلادھار بارش کے باعث لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں کئی شاہراہیں ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

# جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے، سرفراز بگٹی

پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے،، بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں

پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیر اعلیٰ کا عالمی یوم پارلیمان پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس/ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر.........

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

جمہوریت کو مستحکم کریں گے عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے جس کے تمام حلقوں سے موثر عوامی نمائندگی پارلیمان کو مضبوط کرتی ہے۔

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

پیر، 24 ذوالحج، یکم جولائی 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# جمہوری اداروں کی مضبوطی سے ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، میر سرفراز بگٹی

## پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن، بلوچستان کی یکساں ترقی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، سرفراز بگٹی

## قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ مل کر جمہوریت کو مستحکم کریں گے، عالمی یوم پارلیمان پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس/ ٹوئٹر پر اپنے ایک (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

(باقی صفحہ 5 نمبر 7)

پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے جس کے تمام حلقوں سے موثر عوامی نمائندگی پارلیمان کو مضبوط کرتی ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء، رکن صوبائی اسمبلی ایڈووکیٹ افراسیاب خلجی کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز پیر یکم جولائی 2024ء بمطابق 24 ذی الحج 1445ھ | شمارہ نمبر 179


## جمہوری اداروں کی مضبوطی سے ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، وزیراعلیٰ

### پارلیمنٹ کے ذریعے ہی تمام مسائل کا حل ممکن ہے، صوبے کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں، ٹویٹ

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان کے سلسلے میں اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

مستقبل وابستہ ہے، پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹویٹر) پر اپنے جاری کئے گئے پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں، پارلیمان کے ذریعے بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے، عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے۔

Largest Circulated Daily of Balochistan
Simultaneously Published from Hub, Karachi and Quetta

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایس سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 36 | بروز اتوار 30 جون 2024ء بمطابق 23 ذی الحج 1445ھ | شمارہ نمبر 178



# قانون ہاتھ میں لینے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا، سرفراز بگٹی

## ہم ان سے مذاکرات کیسے کریں جو بندوق کی نوک پر اپنا نظریہ مسلط کرنا چاہتے ہیں، وزیر اعلیٰ

### بلوچستان کا یہ حال اپنے ہی لوگوں نے کیا باہر کے لوگوں نے نہیں، اگلے 15 سال بعد ترقیاتی بجٹ کیلئے ایک روپیہ کی بھی رقم نہیں ہوگی، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہم الف انار ب بکری پر ہی کھڑے ہیں، بلوچستان کا یہ حال اپنے ہی لوگوں نے کیا باہر کے لوگوں نے نہیں، اگلے 15 سال بعد ترقیاتی بجٹ کے لئے ایک روپیہ کی بھی رقم نہیں ہوگی اخراجات کو کم کرنے کی ضرورت ہے ہر 15 دن بعد ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیں گے تمام اداروں میں کام کرنے والوں کا احتساب ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 2024-25 کے اختتامی سیشن کے موقع پر اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

کہ بلوچستان اسمبلی نے 5 کھرب 79 ارب روپے سے زائد کے 53 غیر ترقیاتی مطالبات زر منظور کر لیے ہیں۔ لے 15 سال بعد ترقیاتی بجٹ کے لئے ایک روپیہ کی بھی رقم نہیں ہوگی اخراجات کو کم کرنے کی ضرورت ہے اپنے ریونیو بڑھا کر آگے بڑھ سکتے ہیں بڑے شہروں میں مزید شہر آباد کرنے ہوں گے۔ نیا کوئٹہ آباد کرنے کی ضرورت ہے تاریخ میں پہلی بار 70 فیصد منظور شدہ اسکیمز شامل کی گئی ہیں یکم جولائی تک ترقیاتی کاموں کے ٹینڈرنگ شروع ہو جائے گی دستیاب فنڈز کو خرچ کرنے کے لئے لائحہ عمل طے کیا ہر 15 دن بعد ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیں گے۔ انھوں نے کہا کہ بلوچستان دوسرے صوبوں سے پیچھے رہ گیا ہے امن وامان کی صورتحال بہت بڑا مسئلہ ہے جو قانون ہاتھ میں لے گا اس سے سختی سے نمٹا جائے گا ہم ان سے کیسے مذکرات کریں جو بندوق کی نوک پر اپنا نظریہ قائم کرنا چاہتے ہیں اگر کوئی مذاکرات کرنے کو تیار نہیں چاہتے کہ وہ سیاحوں کو اغوا کریں یا سیکورٹی فورسز پر حملے کریں اس چیز کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ شناختی کارڈ دیکھ کر لوگوں کو مارا جائے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ریاست کی رٹ قائم کریں گے عوام ان کے خلاف کھڑے ہو جائیں جو آئین پاکستان کے خلاف ہے ہماری حکومت معصوم لوگوں کے ساتھ کھڑی ہوگی، سی ٹی ڈی کی مستحکم کریں گے انھوں نے کہا کہ عام بلوچستانی کو گلے لگائیں گے نوکریاں بغیر پیسوں کے دیں گے بلوچستان کے لوگ تکلیف میں ہیں 300 فیصد تعلیم کے بجٹ کو بڑھایا ہے۔ کیا سکول ہمیں آؤٹ پٹ دے رہے ہیں 130 ارب روپے لگانے کے باوجود زرلٹ صفر ہے لوگ کہاں پہنچ گئے اور ہم الف انار ب بکری پر ہی کھڑے ہیں عام بچے کو کوالٹی ایجوکیشن دینی ہے۔ سرفراز بگٹی کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان کو ترقی دینے کے لئے ذاتی مفاد کو پس پشت ڈالنا ہوگا، تمام اداروں میں کام کرنے والوں کا احتساب ہوگا بلوچستان کا یہ حال اپنے ہی لوگوں نے کیا باہر کے لوگوں نے نہیں کیا بلوچستان اسمبلی نے مالی سال 25-2024 کے کل 93 مطالبات منظور کر لیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 28 | پیر یکم جولائی 2024ء بمطابق 24 ذوالحجہ 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 179


## بات چیت اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں ، وزیراعلیٰ

### پارلیمنٹ کے ذریعے ہی تمام مسائل کا حل ممکن ہے، سرفراز بگٹی کا عالمی یوم پارلیمان پر پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان کے سلسلے میں اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے، پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے، سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹویٹر) پر اپنے جاری کیے گئے پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں، پارلیمان کے ذریعے بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے، عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 | Page No. 7

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر-23 | پیر یکم جولائی 2024ء بمطابق 24 ذی الحج 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-177

# قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ جمہوریت کو مستحکم کرینگے

**جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس/ٹوئٹر پر (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 2 پر)

اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے جس کے تمام حلقوں سے موثر عوامی نمائندگی پارلیمان کو مضبوط کرتی ہے۔

CamScanner

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| جلد 27 | پیر یکم جولائی 2024ء | 24 ذی الحجہ | 1445ھ | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS رجسٹرڈ بی سی بی-10 | شمارہ 139 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|


# مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے، سرفراز بگٹی


## جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ بات چیت کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں

## پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کیلئے جدوجہد جاری ثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے، پیغام

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جمہوری اداروں کی مضبوطی سے پاکستان کا روشن مستقبل وابستہ ہے اور پارلیمنٹ کے ذریعے تمام مسائل کا حل ممکن ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس اکاؤنٹر پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بات چیت کے فروغ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں اور پارلیمان کے ذریعے ہی بلوچستان کی یکساں ترقی کے لئے جدوجہد جاری رکھیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مثبت سوچ کے ساتھ ملکر جمہوریت کو مستحکم کریں گے عوامی ترقی اور مسائل کے حل کا واحد راستہ پارلیمان ہی ہے جس کے تمام حلقوں سے موثر عوامی نمائندگی پارلیمان کو مضبوط کرتی ہے۔



وزیراعلیٰ گورنر اسپیکر صوبائی وزراء اور دیگر نور محمد دمڑ کی جانب سے دیے گئے عشائیہ میں شریک ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایڈووکیٹ افراسیاب ختمی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

جلد 20


## تعلیمی ادارے نوجوانوں کے مستقبل کی راہ متعین کرتے ہیں، سرفراز بگٹی

صوبے کا ہر نوجوان تعلیم حاصل کر کے ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرے

**CLIPPING SERVICE**


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 10



**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Sarfraz Bugti and others attending the luncheon hosted by Advisor to CM Rubaba Buledi.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 13


## بلوچستان کے قدرتی وسائل کے معاشی فوائد کی مقامی افراد کو منتقلی کا سلسلہ جاری

بولان، کوئٹہ، زیارت سمیت ہرنائی میں 743 ملین روپوں کی لاگت سے کئی منصوبے مکمل

صحت، تعلیم، واٹر سپلائی سکیمز، بجلی و گیس کی فراہمی اور انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کے منصوبے شامل

## قومی اقتصادی کونسل نے بلوچستان کیلئے 11 ارب روپے مختص کر دیئے

11 ارب روپے بلوچستان میں بارش اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور تعمیر نو کیلئے استعمال کیے جائیں گے

بجٹ 2024-25 میں بھی بلوچستان میں تعمیر نو کے منصوبوں کیلئے 112 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں

## کوہلو میں ندی نالوں میں طغیانی، 2 افراد گاڑی سمیت بہہ گئے

مقامی افراد نے ایک شخص کو بچا لیا، دوسرے شخص کی نعش اگلے روز ندی سے نکالی گئی، بیلہ میں بھی بارش کے بعد گرمی کا زور ٹوٹ گیا

صوبے میں حالیہ بارش کے باعث مختلف حادثات میں 8 افراد جاں بحق، 25 زخمی، 250 سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 14


## صوبائی حکومت عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

کمرشل اور گھریلو غیر قانونی کنکشن غیر قانونی ٹیوب ویلز اور صارفین کے ذمہ جو بقایاجات ہیں فوری طور پر جمع کرائیں۔جمع نہ ہونے کی صورت میں ان کا کنکشن منقطع کردیا جائیگا

**غیر قانونی کنکشن اور غیر قانونی ٹیوب ویلز جو رجسٹرڈ ہیں وہ اپنے علاقے کے واسا سب ڈویژن میں فارم لے کر رجسٹرڈ کرائیں، سیکرٹری عمران گچکی کا افسران سے بات چیت**

کوئٹہ ( آئی این پی، رخ ن ) صوبائی حکومت عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کو پانی کی فراہمی میں درپیش مسائل حل کئے جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی حکومت کی ہدایت پر سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ /واسا عمران گچکی نے واسا ہیڈ آفس میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اہم میٹنگ میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) وقار احمد، اسسٹنٹ کمشنراور ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل تنویر جاموٹ ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ آج کے اس میٹنگ کا مقصد عوام اجتماعی مفادات کیلئے مزید اقدامات اور محکمہ کی کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔عوام محکمہ واسا کے تعاون کرتے ہوئے اپنے واجبات ادا کریں کیونکہ کوئٹہ شہر میں غیر قانونی کنکشن، نادہندگان اور غیر قانونی ٹیوب ویلز کیخلاف جلد کریک ڈاون کا آغاز کیا جائے گا۔کمرشل اور گھریلوں غیر قانونی کنکشن غیر قانونی ٹیوب ویلز اور صارفین کے ذمہ جو بقایاجات ہیں فوری طور پر جمع کرائیں۔جمع نہ ہونے کی صورت میں ان کا کنکشن منقطع کردیا جائیگا جبکہ غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔نادہندہ ہونے کی صورت میں مذکورہ ٹیوب ویل کو سیل کردیا جائیگا۔اس ضمن میں محکمہ واسا اور ضلعی انتظامیہ کے نگرانی میں مختلف علاقوں میں ڈسکنکشن کی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔


AZADI QUETTA


## غیر قانونی ٹیوب ویلز کیخلاف جلد کریک ڈاؤن کا آغاز کیا جائیگا، کمشنر کوئٹہ

کمرشل اور گھریلو غیر قانونی کنکشن غیر قانونی ٹیوب ویلز اور صارفین کے زمہ جو بقایاجات ہیں فوری طور پر جمع کرائیں جمع نہ ہونے کی صورت میں ان کا کنکشن منقطع کردیا جائیگا، حمزہ شفقات

**غیر قانونی کنکشن اور غیر قانونی ٹیوب ویلز جو رجسٹرڈ نہیں وہ اپنے علاقے کے واسا سب ڈویژن میں فارم لے کر رجسٹرڈ کرائیں بصورت دیگر نادہندگان کیخلاف قانونی چارہ جوئی کی جائیگی**

کوئٹہ (رخ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کی ہدایت پر سیکرٹری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ/ واسا اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات زیر صدارت ایم ڈی واسا کے دفتر میں میٹنگ منعقد ہوا۔اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ کوئٹہ شہر میں غیر قانونی کنکشنز، نادہندگان اور غیر قانونی ٹیوب ویلز کیخلاف جلد کریک ڈاؤن کا آغاز کیا جائے گا۔کمرشل اور گھریلو غیر قانونی کنکشن غیر قانونی ٹیوب ویلز اور صارفین کے زمہ جو بقایاجات ہیں۔فوری طور پر جمع کرائیں۔جمع نہ ہونے کی صورت میں ان کا کنکشن منقطع کردیا جائیگا۔جبکہ غیر قانونی ٹیوب ویلوں کیخلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔نادہندہ ہونے کی صورت میں مذکورہ ٹیوب ویل کو سیل کردیا جائیگا۔اس ضمن میں محکمہ واسا اور ضلعی انتظامیہ کے نگرانی میں مختلف علاقوں میں ڈسکنکشن کی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔جو غیر قانونی کنکشن اور واسا بل جمع نہ ہونے کی صورت میں کنکشن منقطع کریگی۔انہوں نے کہا کہ محکمہ واسا کے تمام صارفین جن کے زمہ بقایاجات ہیں وہ فوری طور پر جمع کرائیں اور غیر قانونی کنکشن اور غیر قانونی ٹیوب ویلز جو رجسٹرڈ نہیں۔وہ اپنے علاقے کے واسا سب ڈویژن میں فارم لے کر رجسٹرڈ کرائیں۔بصورت دیگر نادہندگان کیخلاف قانونی چارہ جوئی کی جائیگی۔اور کنکشن بھی منقطع اور ٹیوب ویلز کو سیل کر دیا جائے گا۔اس ضمن (بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر5 پر)

میں مزید طے پایا کہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ میں کسی بھی قسم کی جائیداد کی منتقلی کیلئے محکمہ واسا (این او سی) لازم قرار دے دی گئی ہے۔ اور اس ضمن میں تمام تحصیلدار، سب رجسٹرار اور اسٹیلمنٹ آفیسران کو ہدایت جاری کی گئی ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 16


## کوئٹہ میں بجلی کی شدید لوڈشیڈنگ سے زندگی اجیرن ہوگئی، جمیعت

### حکومت کے پاس عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوئی پالیسی نہیں، مولانا عبدالرحمن

کوئٹہ (پ ر) جمیعت ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا قاری مہر اللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا محمد ایوب مفتی عبدالسلام رئیسانی مولانا محمد اشرف جان مفتی غلام نبی محمدی حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعداللہ آغا حافظ سراج الدین حافظ شبیر احمد مدنی حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ مولانا حافظ سردار محمد نورزئی مولانا جمال الدین حقانی مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر مفتی محمد ابوبکر حافظ دوست محمد ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے حکومت کے پاس عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوئی پالیسی نہیں شہر کے مختلف علاقوں پشتون باغ، خروٹ آباد سریاب، شالدرہ، کرانی، پشتون آباد نواں کلی مسلم اتحاد کالونی اور دیگر علاقوں میں بجلی نہ ہونے سے صارف شدید اذیت کا شکار ہیں۔

## سیاسی مخالفین کیخلاف سرکاری مشینری استعمال ہورہی ہے، اسرار اللہ زہری

### محمد خان زہری کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث افراد ریاستی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بی این پی عوامی کے مرکزی صدر نوابزادہ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ باغبانہ سمیت علاقے کے امن کو منصوبے کے تحت تباہ کیا جارہا ہے جس کی واضح مثال باغبانہ کے رہائشی معصوم نوجوان محمد خان زہری جو خلیج ملک سے عید منانے آیا تھا کی ٹارگٹ کلنگ ہے ایسے واقعات میں ملوث افراد ریاستی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ خدشہ ہے کہ ضلعی چیئرمین نے سیاسی مخالفین کو خوف زدہ کرنے کیلئے یہ حکمت عملی اپنائی ہے موصوف سرکاری مشینری سیاسی مخالفین پر استعمال کررہے ہیں جس کی غیرجانبدارانہ انکوائری کرکے لوگوں کو خانہ جنگی سے بچانے کی ضرورت ہے بصورت دیگر جانبدارانہ رویے سے نفرت میں مزید اضافہ ہوگا۔

## ملک میں بدترین سیاسی، معاشی بحران اور لاقانونیت ہے، بلوچستان بار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے بیان میں گیا ہے کہ آئی ایم ایف کی شرائط پر فنانس بل کے نفاذ سے ملک بھر میں مہنگائی کی ایک اور لہر آئے گی جس سے عام لوگوں کا جینا محال ہوجائے گا ملک اس وقت بدترین سیاسی معاشی بحران کا شکار ہے لاقانونیت عروج پر ہے جس کا واحد حل ملک کے اندر حقیقی معنوں میں جمہوریت کی بحالی اور آئین کی بالادستی ہے بدقسمتی سے حالیہ الیکشن میں بدترین دھاندلی کی وجہ سے پاکستان کے وقار کو مجروح کیا گیا عوامی مینڈیٹ کی چوری کی گئی مہنگائی بجلی پٹرول گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرکے کروڑوں لوگوں کو دو وقت کی روٹی سے محروم کردیا گیا ہے بیان میں کہا کہ اشرافیہ اپنی مراعات کم کرنے کیلئے تیار نہیں پنڈی اسلام آباد کے اخراجات اگر نصف کردیئے تو بھی عوام کو ریلیف مل سکتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## یوٹیلٹی بلوں میں اضافے کیخلاف صوبے بھر میں احتجاجی مظاہرے ہونگے، انجمن تاجران

### مختلف ٹیکس لگائے جارہے ہیں اربوں روپے دینے کے باوجود حکومت کی جانب سے تاجروں کو کوئی سہولت و مراعات میسر نہیں، عبدالرحیم کاکڑ

### مہنگائی عروج پر، کاروبار ٹھپ ہے صارفین میں بجلی کے بھاری بھرکم بل جمع کرانے کی سکت نہیں، اضافے کا فیصلہ واپس لیا جائے، حضرت علی اچکزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، حاجی ہاشم، سعد اللہ اچکزئی، ظفر کاکڑ، عبدالخالق آغا، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، ملک مصطفی کاکڑ، عبدالمالک لہڑی، عباس لہڑی، نوروز جنگ سمیت دیگر رہنماؤں نے بجلی کے بلوں میں ظالمانہ اضافے کے خلاف آج سہ پہر 4 بجے ملک بھر کی طرح صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پریس کلب کے سامنے اور تاجر برادری صوبہ بھر میں ضلعی و تحصیل سطح پر احتجاج کرے گی اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جس طرح یوٹیلٹی بلوں جس میں بجلی کے بلوں میں تاجروں اور عوام پر 60 فیصد اضافہ کرکے بوجھ ڈال کر ظلم کی انتہاء کردی آئے روز تاجروں پر مختلف نوعیت کے ٹیکس لگائے جارہے ہیں حالانکہ تاجر برادری جو ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اربوں روپے کے ٹیکس دینے کے باوجود حکومت کی جانب سے تاجروں کو کوئی سہولت اور مراعات نہیں دی جاتی اس لئے ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت فوری طور پر بجلی کے بلوں میں ظالمانہ اضافہ واپس لے تاکہ تاجروں کی طرح عوام میں پائی جانے والی تشویش دور ہوسکے اور تاجر برادری بجلی کے بلوں میں اضافے میں کسی صورت قبول نہیں کریگی اگر حکومت نے بجلی بلوں میں اضافہ واپس نہ لیا گیا تو تاجر برادری آج سہ پہر 4 بجے کوئٹہ میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ اس کے علاوہ بلوچستان بھر میں تمام ضلعی اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں احتجاج کرے گی کیونکہ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور کاروبار نہ ہونے کی وجہ سے عوام بجلی کے بھاری بھرکم بل جمع کرانے کی سکت نہیں رکھتے اس لئے فیصلہ واپس لیا جائے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 JUL 2024

Page No. 19

# بلوچستان میں سیاسی ومعاشی استحکام کیلئے حکومتی مدت کی تکمیل ناگزیر ہے

بلوچستان میں مضبوط اور مستحکم حکومت ہی بہترین گورننس کے ذریعے معاشی وسیاسی تبدیلی لاسکتی ہے۔ بدقسمتی سے بلوچستان میں بیشتر حکومتوں کے وزراء اعلیٰ نے اپنی مدت پوری نہیں کی۔ حکومتی اور اتحادی جماعتوں نے اپنے ہی وزراء اعلیٰ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائے اور حکومت کی چھٹی کردی جس پر یہ جواز پیش کیا جاتا رہا کہ وزیراعلیٰ نے ہمارے حلقوں کونظر انداز کیا، ہمیں مطلوبہ فنڈز اور ترقیاتی اسکیمات نہیں دی گئیں، مگر پھربھی ارکان دوسری حکومت میں شامل ہوجاتے۔ دوسری جانب وزراءاعلیٰ کے شکوے سامنے آتے کہ بلوچستان میں مخلوط حکومت چلانا بہت مشکل اور کٹھن ہے سب کوخوش کرنا پڑتا ہے بہ امر مجبوری ناجائز مطالبات بھی ماننے پڑتے ہیں اگر ان کی خواہشیں پوری نہ کی جائیں تو دھڑے بننا شروع ہوجاتے ہیں۔ جبکہ سیاسی انجینئرنگ بھی ایک بڑا مسئلہ بلوچستان کا ہے جس کی وجہ سے ایک مضبوط و مستحکم حکومت نہیں چل پاتی اور نہ ہی اپوزیشن ارکان بہت زیادہ مخلص ہوتے ہیں، ان کے بھی جائز، ناجائز تجاویز کو مان لیا جاتا ہے، فنڈز سمیت ترقیاتی اسکیمیں بھی دی جاتی ہیں مگر ان کے حلقوں میں جاکر دیکھا جائے تو پسماندگی ہی پسماندگی ہے۔ بہرحال عدم اعتماد کی تحریک جمہوری عمل کا ایک حصہ ضرور ہے مگر حکومت کا پوری مدت چلنا پسماندہ خطے کیلئے ضروری ہے اور یہ سب کے علم میں ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کے زیادہ ذمہ دار خود بلوچستان کے نمائندے بھی ہیں جو عرصہ دراز سے اسمبلی میں موجود ہیں، حکومتوں کا حصہ رہ چکے ہیں مگر اس کے باوجود بھی ان کے اپنے حلقے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ اب بلوچستان میں ایک نئی مخلوط حکومت ہے توقع یہی ہے کہ بلوچستان کے نمائندگان مخلصانہ کردار ادا کرکے اپنے صوبے کو مسائل سے نکالیں گے۔ گزارش یہی ہے کہ حکومت اور اپوزیشن جماعتیں بلوچستان کی ترقی کیلئے ساتھ چلیں اور وفاق کے سامنے بلوچستان کا مقدمہ بھی ساتھ لڑیں۔ حکومتوں کے خاتمے سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ بڑھ جاتے ہیں جس کی مثال بلوچستان کے موجودہ حالات ہیں کہ یہ صوبہ ترقی کی دوڑ میں دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے۔ گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مجھے ایوان کی اکثریت کی حمایت حاصل ہے، حمایت حاصل ہونے کی وجہ سے میں وزیراعلیٰ ہوں، ایوان کی اکثریت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ کو منظور کیا ہے۔ بہرحال بلوچستان میں پہلے کے وزیراعلیٰ بھی یہی کہتے رہے ہیں کہ اکثریت کی حمایت ان کو حاصل ہے مگر دو سال گزرنے کے بعد اختلافات سامنے آنا شروع ہو جاتے ہیں مگر اب یہ سلسلہ رکنا چاہئے اس کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کو زیادہ ترجیح گورننس پر دینی ہوگی، تمام اراکین اسمبلی کو ساتھ لیکر چلنا ہوگا ان کے جائز مطالبات کو ضرور تسلیم کرنا چاہئے، تجاویز لیکر ترقی کے سفر کو آگے بڑھانا ہوگا مگر ناجائز مطالبات اور گورننس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہئے، عوام کے پیسے عوام پر خرچ ہونے چاہئیں، سیاسی بھرتیوں، ناجائز ٹرانسفر پوسٹنگ کو روکنا ہوگا، افسر شاہی کا خاتمہ کرنا ہوگا، میرٹ کو ترجیح دینی ہوگی۔ سب سے زیادہ پسماندہ علاقوں کی ترقی ترجیحات میں شامل ہونا چاہئے۔ بلوچستان میں شورش سمیت جولاپتہ افراد کا مسئلہ ہے اس کو بھی سیاسی حوالے سے حل کرنے کی طرف جانا ہوگا تاکہ بلوچستان میں معاشی وسیاسی استحکام آسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 20

# 3 million out of school children

It is a very disturbing revelation made by Balochistan Education Minister Raheela Hameed Khan Durrani during the National Achievement Test that over three million children are not enrolled at schools in Balochistan, and the government will address the concerns of the parents to bring out-of-schools children to the educational institutes.

This revelation comes in a backdrop of a worrisome national scenario as Pakistan is one the countries with the highest number of out-of-school children globally, exceeding 26 million. Balochistan, where an education emergency has been declared, mirrors this broader national crisis.

For those who are in school, most are provided with a poor quality of education. Access to quality education depends, almost exclusively, on parental income levels. If you have the income, you can get your child a decent quality of education. Otherwise, your child is either not in school, or enrolled in a government or low-fee private school.

Article 25-A, which says that "free and compulsory" education would be provided to all five- to 16-year-olds in the country, was added to the basic rights section of our Constitution in 2010. Fourteen years later, we are declaring an emergency to do what we had promised our children in the Constitution as a basic right. Unfortunately, the successive governments particularly in Balochistan did not pay serious attention towards addressing the issue of the education sector. It is very unfortunate that there are a number of schools in remote areas of Balochistan which are deprived of wash rooms, boundary walls and required teachers.

The government and its authorities concerned paid less attention in running enrolment campaigns in remote areas to improve enrolment. Just declaring an emergency will not work unless the government and authorities concerned take up this issue seriously and come up with more earnest efforts to address the issues and remove the hurdles that are hindering children from schools. Our children need more schools, teachers and classes.

We need to revamp our assessment, we need to redo our curricula and books and we need better governance structures in the public sector. All this and more needs to be done at scale and quickly. This will require more resources and it will require a lot of focus on prioritising and coordinating. And it will need high levels of competence as well. The poverty in Balochistan is one of the serious factors that obstruct parents from sending their children to schools needs to be addressed.

CamScanner

P-1

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 JUL 2024 Page No. 21

# BHC verdict on PB - 21 Hub

The ruling of the High Court of Balochistan in the PB-21 Hub constituency case underscores the critical need for transparency, fairness, and adherence to legal norms in the conduct of elections. Upholding the integrity of the electoral process is essential to safeguarding democracy and ensuring that the will of the people is accurately reflected in the outcome of elections. It is imperative that all stakeholders, including electoral authorities, candidates, and voters, work together to uphold the principles of democracy and protect the sanctity of the ballot box. The judgment of the High Court of Balochistan serves as a reminder of the importance of upholding electoral integrity and ensuring that the voice of every voter is heard and respected. By taking decisive action to rectify electoral discrepancies and instill confidence in the electoral system, the court has set a positive precedent for future elections in Balochistan and beyond. The court's insistence on compliance with constitutional provisions and electoral laws is a necessary step towards promoting transparency and accountability in the electoral process. It is essential that all electoral bodies discharge their duties impartially and in accordance with the prescribed legal framework to prevent any undue influence or interference in the democratic process.

The court's decision to order a re-poll at the affected polling stations, accompanied by strict security measures to maintain law and order, demonstrates a commitment to upholding the rule of law and ensuring that electoral malpractice is not tolerated. The directives to security forces and district administration to provide foolproof security during the re-election process are vital to safeguarding the rights of voters and candidates alike. The recount process revealed significant discrepancies between the unofficial and official results, raising concerns about the security and integrity of the voting records. The court rightly raised the alarm over the possibility of tampering with votes and emphasized the need for secure record-keeping to prevent any manipulation or

CamScanner

fraud in future elections. In its judgment, the court also highlighted the role of the Election Commission of Pakistan and the Returning Officer in overseeing the electoral process. The need for proper adherence to the law and protocols governing elections is paramount to ensure the credibility of the democratic process. Any deviation from established procedures can undermine public trust in the electoral system and erode the legitimacy of elected representatives. The court's directive to the Election Commission of Pakistan to conduct re-election at the specified polling stations within three weeks underscores the importance of adhering to legal procedures and safeguarding the democratic rights of all citizens. It is crucial that electoral outcomes accurately reflect the will of the people and that any suspicions of malpractice or irregularities are thoroughly investigated and addressed.

The judgment, which annulled the results of the 39 polling stations in question, stems from a case brought before the court by petitioner Muhammad Saleh Bhutani, who contested the election and was initially declared the successful candidate based on unofficial results. The subsequent recount process initiated at the request of another candidate, led to discrepancies in the final tally, casting doubt on the validity of the outcome. The recent decision by the High Court of Balochistan regarding the results of the elections for the Balochistan Provincial Assembly Constituency PB-21 Hub is a significant step towards upholding the integrity of the electoral process in the region. The court's order for re-election at 39 polling stations highlights the commitment to ensuring fair and transparent elections, a cornerstone of a functioning democracy.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7

Dated: 30 JUN 2024 Page No. 25


# Balochistan to 'solve challenges through dialogue'

OUR CORRESPONDENT

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti on Friday reiterated the government's dedication to addressing the challenges faced by the province through dialogue during the Balochistan Assembly session.

"The government is prepared to engage with everyone to seek political solutions to the issues concerning Balochistan," he said. "Both the federal and provincial governments are ready to discuss with those who have concerns and reservations," he maintained.

Bugti, however, kept a strict stance on violence.

"Those responsible for the killing of teachers, labourers, and other innocent people will not be spared. We will embrace and respect law-abiding citizens, but if anyone takes the law into their own hands and forms armed groups, the government will assert its authority," he stated firmly.

"No one will be allowed to challenge the government's authority or form armed groups to spill innocent blood and such elements will be dealt with an iron hand," he said.

On governance, Bugti highlighted initiatives to enhance the province's education and health sectors.

"Significant funds have been allocated to improve health facilities and government-run schools across the province," he remarked.

"Our commitment is to ensure that the basic needs of our people, especially in education and healthcare, are met with quality services," he said.

He also addressed environmental issues, announcing initiatives like the Green Bus project. "We are introducing the Green Bus service and will increase the number of buses operating from Kuchlak to Mastung as part of our broader efforts to combat climate change and enhance public transportation," he added.

Bugti also expressed concerns about non-development expenditures and called for efficient use of resources. "We must be mindful of increasing non-development expenditures. Our priority should be projects that directly benefit the people," he emphasized.

## Role of good governance urged

QUETTA: Advisor to Balochistan Chief Minister on Women Development, Dr. Rubaba Khan Buledi said that good governance plays a vital role in the development and prosperity of a country. She emphasized that transparency, accountability, and responsiveness are essential for effective governance. She expressed these views while addressing a consultative session of the provincial assembly members organized by a non-governmental organization. Dr. Buladi said that the provincial government is prioritizing good governance and over 60 reform proposals are under consideration in various departments, which will improve the delivery system. She added that the parliament has a crucial role in ensuring effective governance and protecting citizens' rights. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 JUL 2024 Page No.______



کوئٹہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بخت محمد کاکڑ حلقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



کوئٹہ صوبائی وزیر علی مدد جتک سے میر لیاقت لہڑی اور حادیہ نواز بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

CS CamScanner